جنگ تلوار سے بڑھ کر جو فلک کو پہنچی
سلطنت ھاتھ سے کچھ تیزی سے ایسے نکلی
مال و دولت گئی اجداد کی عزت بھی گئی
تو بھی ہرجای بنا تیری عنایت بھی گئی
اب تو بس ھر طرف مایوسی ھی مایوسی ھے
مسلم بے علم ھے غیروں کی شہنشا ھی ھے

کسطرح آج مسلماں کا حشر ھو تا ھے
ھر نیا د ن نئی زحمت کا سبب ھوتا ھے
نام سنتے ھی ہر اک ماتھے پہ بل ھوتا ھے
بچہ بوڑھا ھر اک مشکوک نظر ھو تا ھے
کر کے ھر جرم کی ترد ید تو کر دیتے ھیں
جانے کیوں پھر بھی سبھی جھو ٹا ھمیں کھتے ھیں

کئی بار کہہ تو دیا ھے یہ امن کا مذہب
قتل کرنے میں بھی ھے سب کی بقا پیش نظر
ساری دنیا پہ حکومت ھے ھمارا منصب
جو بھی تابع ھو ھمارے وھی منظورِ نظر
اتنی سی بات انھیں کیسے سمجھ آے گی
دو چار اور مریں گے تو عقل آے گی